


# پری فزیبلیٹی تحقیق

## (بیج سے تیل نکالنے کا کارخانہ)

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk

**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 92 42 111 111 456

فیکس 92 42 36304926-7

helpdesk@smeda.org.pk

**ریجنل آفس پنجاب**
بلڈنگ نمبر 3، فلور:3، ایوان اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور
ٹیلی فون: 456-111-111 (042)
فیکس نمبر: 7-36304926(0423)
helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**
بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی
ٹیلی فون: 456-111-111 (021)
فیکس نمبر: 35610572 (021)
helpdesk-khi@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخواہ**
دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور
ٹیلی فون: 47-9213046 (091)
فیکس نمبر: 286908 (091)
helpdesk-pew@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**
بنگلو نمبر: 15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ
ٹیلی فون: 2831623, 2831702 (081)
فیکس نمبر: 2831922 (081)
helpdesk-qta@smeda.org.pk

**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے وزیراعظم یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

| نمبر شمار | فہرست و عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | اظہار لاتعلقی | 3 |
| 2 | دستاویز کا مقصد | 3 |
| 3 | سمیڈا کا تعارف | 3 |
| 4 | سکیم کا تعارف | 3 |
| 5 | اجمالی جائزہ | 4 |
| 6 | کاروبار اور مصنوعات کا مختصر بیان | 4 |
| 7 | انتہائی قابل توجہ امور | 5 |
| 8 | ابتدائی اور عملی استعداد | 5 |
| 9 | سرمایہ کاری کیلئے جغرافیائی مواقع | 5 |
| 10 | متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے | 5 |
| 11 | پیداواری گردش عمل (پروڈکشن پروسس فلو) | 5 |
| 12 | منصوبے کی کل لاگت کار کا خلاصہ | 6 |
| 12.1 | معاشی کیفیت | 6 |
| 12.2 | درکار سرمایہ | 7 |
| 12.3 | کل لاگت کاروبار | 7 |
| 12.4 | درکار زمین | 7 |
| 12.5 | مشینری اور آلات | 8 |
| 12.6 | فرنیچر اور لوازمات | 8 |
| 12.7 | درکار افرادی قوت | 8 |
| 12.8 | آمدن۔ موقع پیداوار اور آمدن کا جدول | 8 |
| 12.9 | متفرق لاگتیں | 8 |
| 13 | ضمیمہ جات | 9 |
| 13.1 | سودمند انتظامی تجاویز | 9 |
| 13.2 | ماہرین و مشیران | 9 |
| 13.3 | کارآمد روابط | 10 |
| 13.4 | کلیدی مفروضے | 11 |
| 13.5 | آمدن کا گوشوارہ | 12 |
| 13.6 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 13 |
| 13.7 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو) | 14 |

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

## 1۔اظہارلاتعلقی

یہ معلوماتی دستاویز موضوع سے متعارف کرواتی اوراس بارے یں عمومی تصوراور معلومات دیتی ہے۔اگرچہ،اس دستاویز میں شامل موادمختلف باوثوق ذرائع سے جمع کردہ ڈیٹا/معلومات پرمبنی ہے،مگراس کی بنیادمخصوص مفروضات پربھی ہے جومختلف صورتوں میں مختلف ہوسکتے ہیں۔معلومات کی درستگی یامعتبریت کے بارے میں کوئی دعوے یایقین دہانیوں کے بغیرمن وعن پیش کیا گیاہے۔اگرچہ اس دستاویز کی تدوین میں حددرجہ احتیاط اورتوجہ برتی گئی ہے،لیکن اس میں دی گئی معلومات متعلقہ عوامل میں کسی تبدیلی کی وجہ سے فرق ہو سکتاہے،اوراصل نتائج پیش کردہ معلومات سے خاصے مختلف ہوسکتے ہیں۔سمیڈا(SMEDA) اوراس کے ملازمین اس دستاویز کی وجہ سے کی گئی کسی سرگرمی کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی مالی یادیگرنقصان کے ذمہ دارنہیں۔شامل معلومات مزیدکسی پروفیشنل مشاورت کوخارج ازامکان نہیں بناتی۔اس دستاویز کےمتوقع استعمال کنندگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اضافی کاوش کریں اورایک باوثوق فیصلہ کرنے کے لیےضروری معلومات اکٹھی کریں،بشمول معلومات پرعمل کرنے کے کسی بھی فیصلے سے قبل کسی کنسلٹنٹ/تکنیکی ماہرکےساتھ پیشہ ورانہ مشاورت۔

سمیڈاکی جانب سے پیش کردہ خدمات کےمتعلق مزیدمعلومات کے لیے ہماری ویب سائیٹ پررابطہ کریںwww.smeda.org.pk

## 2۔دستاویز کامقصد

ابتدائی امکانات جانچنے کی اس تحقیق کابنیادی مقصدممکنہ کاروباری افرادکوسرمایہ کاری کے لیےمنصوبہ کی شناخت میں معاونت دیناہے۔منصوبہ کی ابتدائی جانچ سرمایہ کاری کےاہم فیصلوں کی بنیادمہیاکرسکتی ہےاوراس مقصدکوپوراکرنے کی خاطر یہ دستاویز/حقیقی منصوبے کابنیادی تصوروضع کرنے،آغازاور پیداوار،منڈی تک رسائی اورفراہمی،لاگت اور کاروباری انتظامات چلانے کےمختلف پہلوؤں کااحاطہ کرتی ہے۔

اس دستاویز کامقصدممکنہ سرمایہ کاروں کوبیج سےتیل نکالنےکاکارخانہ میں سرمایہ لگانے کے لیےکاروبارکی عمومی تفہیم مہیاکرناہےتاکہ انہیں سرمایہ کاری کےاہم فیصلوں میں مدد ملے۔

دستاویزی معلومات سےمحروم یابہت کم دستاویزی معلومات والےشعبوں کے لیےابتدائی جائزہ رپورٹیں تیارکرنے کی ضرورت اس لیےبھی زیادہ نمایاں ہوگئی ہے کیونکہ اس قسم کی رپورٹوں سے پہلے کی ریسرچ مخصوص ٹوٹکے،آزمائش اورخطاکے ذریعےموجودہ کاروباروں کےوضع کردہ بہترین طورطریقے اورمخصوص صنعتی طریقے آشکارکرتی ہیں جوکاروبارقائم کرنےاورکامیاب طریقے سے چلانے کےمختلف پہلوؤں میں راہنمابن گئے۔

پوری دستاویز کابغورجائزہ لینے کےعلاوہ آپ کوچاہیے کہ آگے دیئے گئےاہم پہلوؤں کاخیال رکھیں جوسرمایہ کاری کے کسی بھی فیصلے کی بنیادہیں۔

## 3۔سمیڈا(SMEDA) کاتعارف

چھوٹےاوردرمیانے درجے کےکاروبارکی ترقی کاادارہ(سمیڈا) حکومت پاکستان نے1998ءمیں قائم کیاتاکہ چھوٹےاوردرمیانے درجے کےکاروباری شعبے(SME) کو ترقی دینے کےذریعےمعیشت میں نئی جان ڈالی جاسکے۔

''روزگارپیداکرنےاورقومی آمدنی میں بڑھوتری میں معاونت'' کےجذبے کےساتھ،SME شعبےکوترقی دینے کےذریعے،SMEs کی تعداد،دائرۂعمل اورمقابلہ بازی کو فروغ دینے کےذریعے'سمیڈا نے'مخصوص شعبوں کی ریسرچ'انجام دی ہےتاکہ پالیسی،فنانس تک رسائی،کاروبار کےفروغ کی خدمات،اہم اقدامات اوراداروں کی سطح پر اشتراک عمل کےاقدامات کوشناخت کیاجاسکے۔

سرمایہ کاری کےکلیدی شعبوں میں ابتدائی تحقیقی جائزوں کی تیاری اورتشہیرسمیڈاکی جانب سےSME معاونت کانشان امتیازرہاہے۔

ان ابتدائی تحقیقی جائزوں کےساتھ ساتھ سمیڈانےSMEs کووسیع پیمانے پرفروغِ کاروبارکی خدمات بھی پیش کی ہیں۔ان خدمات میں ہیلپ ڈیسک سروسز کےذریعے کاروباری راہنمائی کےعلاوہ ماہرین ومشیران کی نشاندہی اورضروریات کی بنیادپرتعمیراستعداد کےمختلف النوع پروگرام بھی شامل ہیں۔

## 4۔سکیم کا تعارف

نوجوان کاروباری افراد کے لیے پانچ ارب روپے کی لاگت سے وزیراعظم کی جانب سے شروع کی گئی ' وزیراعظم یوتھ بزنس لونز سکیم ' برائے سال 2013-14ء کا مقصد نامزد کردہ مالیاتی اداروں کے ذریعے ایک لاکھ افراد کو 8 فیصد سالانہ کی رعائتی شرح سود پر قرضے مہیا کرنا ہے اور ابتدائی طور پر یہ کام نیشنل بینک آف پاکستان اور فرسٹ وویمن بینک لمیٹڈ کے ذریعے انجام دیا جائے گا۔

آٹھ سال تک کی میعاد کے لیے اور 10:90 تناسب بینک کا اور ذاتی سرمایہ ایکویٹی کے ساتھ چھوٹے کاروباری قرضے پاکستان بھر میں SME مالکان کو دیے جائیں گے جس میں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، گلگت بلتستان، آزاد جموں و کشمیر اور فاٹا کے علاقے شامل ہیں۔

## 5۔اجمالی جائزہ

بیج سے تیل بنانے کا کارخانہ پاکستان کے ان علاقوں میں قائم کیا جائے گا جہاں خام مال وافر مقدار میں موجود ہو مثلاً سبی ، نصیر آباد، جعفرآباد، ملتان، دادو، سکھر، جعفرآباد، میر پورخاص، بہاولپور، ڈیرہ غازی خان، رحیم یار خان، صادق آباد وغیرہ۔ کھانے کا تیل، تلے ہوئے پکوان، سنیک فوڈ، سمندری فوڈ، سبزیاں اور دوسرے کھانوں میں پوری دنیا میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس منصوبے کیلئے کنولہ، سورج مکھی اور سرسوں کے بیج استعمال کئے جاسکتے ہیں تاہم سرسوں کے بیج سے متعلق وسائل کی موجودگی اور لاگت و طلب جیسے عوامل کو مدنظر رکھتے ہوئے سرسوں کا بیج اس یونٹ کیلئے تجویز کیا جاتا ہے۔ مجوزہ کارخانہ روزانہ 8 گھنٹے کام کرتے ہوئے سالانہ 1,92,000 کلوگرام بیج کا تیل، کھل اور فاضل مادہ نکالنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ مگر مالیاتی تجزیہ کی غرض سے یہ کارخانہ پہلے سال اپنی 50% صلاحیت پر 8 گھنٹے روزانہ اور 320 دن سالانہ چلے گا اور سالانہ شرح نمو 5% سے لے کر زیادہ سے زیادہ 80% تک جاسکتی ہے۔ معیار کو برقرار رکھنے کیلئے یونٹ میں صفائی ستھرائی کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ منصوبے کی کل لاگت کا تخمینہ 1.9 ملین روپے ہے جس میں 0.89 ملین روپے کا فکس سرمایہ اور ایک ملین روپے کا گردشی سرمایہ شامل ہے۔ لاگت کے مفروضے کو مدنظر رکھتے ہوئے اندرونی شرح منافع اور کل لاگت کی مدت واپسی 37% اور 3.72 سال بالترتیب ہیں۔

## 6۔کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان

**مصنوعات**

مجوزہ فائنل پروڈکٹ سرسوں کا خام تیل ہوگا جو کہ ریفائینریز اور ملوں کو کھانے کا تیل بنانے کیلئے فروخت کیا جاسکتا ہے جبکہ اس منصوبے سے کھل اور فاصل مادہ، اضافی مصنوعات ہوں گی۔

**مقام (جگہ)**

بیج سے تیل بنانے کا کارخانہ پاکستان کے ان علاقوں میں قائم کیا جائے گا جہاں خام مال وافر مقدار میں موجود ہو مثلاً سبی ، نصیر آباد، جعفرآباد، ملتان، دادو، سکھر، جعفرآباد، میر پورخاص، بہاولپور، ڈیرہ غازی خان، رحیم یار خان، صادق آباد وغیرہ۔

**متوقع خریدار**

اس پیداوار کے خریداروں میں ریفائینریاں، پرچون اور تھوک فروخت کرنے والے شامل ہیں۔

**روزگار کے مواقع**

اس منصوبہ سے مالک سمیت 5 لوگوں کیلئے روزگار مہیا ہوگا۔ مالیاتی تجزیے کے مطابق یہ منصوبہ پہلے سال میں ہی منافع دینا شروع کردے گا۔

## 7۔انتہائی قابل توجہ امور

☆ کام کے دوران احتیاط سے خام تیل کو پہنچنے والے نقصان کو کم سے کم کیا جا سکتا ہے۔

☆ اچھے معیار کا خام تیل حاصل کرنے کے لیے بیج کا معیاری ہونا اور صحیح موسم میں بیج کی دستیابی اہم حیثیت رکھتی ہے۔

☆ کارخانے کو ممکنہ توسیع، مثلاً تیل/گھی کی صنعت، پولٹری فیڈ ملز، صابن، مٹھائیوں اور ٹافیاں بنانے والے فیکٹریوں کے پیش نظر تیار کرنا چاہیے۔

☆ پیداواری عمل حفظان صحت کے بین الاقوامی معیار کے مطابق ہونا ضروری ہے۔

☆ منصوبہ کی لاگت کو کم سے کم رکھنے کیلیئے یونٹ کو کرایہ کی بلڈنگ میں قائم کرنے کی تجویز دی جاتی ہے۔

☆ منصوبہ کو کامیابی سے چلانے کیلیئے مناسب جگہ، آلات اور ملازمین کا انتخاب اہم ہے۔

## 8۔ابتدائی وعملی استعداد

تجویز کردہ منصوبہ کے مطابق 8 گھنٹے روزانہ کام اور سالانہ 320 دن کام کر کے 1,92,000 کلوگرام بیج سے تیل نکالنے کی صلاحت رکھتا ہے۔ مجوزہ کارخانہ روزانہ 8 گھنٹے کام کرتے ہوئے سالانہ 1,92,000 کلوگرام بیج کا تیل، کھل اور فاضل مادہ نکالنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ مگر مالیاتی تجزیہ کی غرض سے یہ کارخانہ پہلے سال اپنی 50% صلاحیت پر 8 گھنٹے روزانہ اور 320 دن سالانہ چلے گا اور سالانہ شرح نمو 5% سے لے کر زیادہ سے زیادہ 80% تک جا سکتی ہے۔ لہذا یہ کارخانہ پہلے سال میں 96,000 کلوگرام بیج سے تیل نکالے گا۔ مزید یہ فرض کیا جاتا ہے کہ 33% بیج کا خام تیل 65% کھل اور 2% کا ضیاع ہوگا۔

## 9۔سرمایہ کاری کیلیئے جغرافیائی مواقع

پاکستان کے اکنامک سروے 13-2012 کے مطابق نباتاتی تیل کیلیئے اہم فصلوں میں سورج مکھی، کنولہ، سرسوں اور بنولہ شامل ہیں۔13-2012 میں نباتاتی تیل کی کل پیداوار 0.61 ملین ٹن رپورٹ کی گئی ہے۔13-2102 (جولائی، مارچ) میں ملکی ضروریات پوری کرنے کیلیئے 153.3 بلین روپے کا 1.74 ملین ٹن کھانے کا تیل درآمد کیا گیا۔

## 10۔متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے

تجویز کردہ مصنوعات میں خام تیل کے بنیادی خریداروں میں آئل ریفائنیریز/ملز شامل ہیں جبکہ بائی پروڈکٹس (کھل اور فاضل مادہ) کے خریداروں میں انفرادی گاہک، پرچون اور تھوک فروش شامل ہیں۔ شروع میں تیار مصنوعات ملکی منڈیوں میں بیچی جائیں گی۔ تاہم مصنوعات کی مانگ کے مطابق توسیع کے مواقع بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔ تجویز کردہ منصوبہ کسی وقت بھی لگایا جا سکتا ہے تاہم کاشتکاری کے موسم کے لحاظ سے اسے نومبر اور دسمبر کے مہینے میں لگانا تجویز کیا جاتا ہے۔ البتہ سٹور کئے گئے خام مال کے ذریعے پورا سال پروسیسنگ کی جا سکتی۔

## 11۔پیداواری گردش عمل (پروڈکشن پروسس فلو)

نباتاتی آئل کو نکالنے کیلیئے ابتدائی طور پر کرشنگ کے بنیادی اصولوں کے مطابق پروسیسنگ کی جائے گی۔ ذیل میں عمومی پروسیسنگ کی جھلک دی گئی ہے۔

تیل نکالنے کا عمل (Process)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| واضع کرنا | دھولائی | خشک کرنا اور ورامنگ | ایکسپیلنگ | فلٹرنگ اور شیکنگ | پیکنگ اور ڈسپیچنگ |

ذیل میں عمومی عوامل کا خلاصہ دیا گیا ہے۔

### واضع کرنا (De- Linting):

واضع کرنے سے مراد بیجوں سے ریشے ختم کرنا ہے۔ بین الاقوامی طور پر اس کیلئے مخصوص کٹر استعمال کیے جاتے ہیں، تاہم پاکستان میں ٹیکنالوجی کی عدم دستیابی اور خرچہ کو کم کرنے کیلئے اس کام کے لیے تیزاب (ایسڈ) کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ایسڈ ڈی لینٹنگ 10 کلوگرام بیج کے لئے ایک لیٹر سلفیورک ایسڈ استعمال کیا جاتا ہے۔ متبادل کے طور پر نباتاتی تیل کی تیاری کیلئے ڈی لنٹیڈ بیج براہ راست منڈی سے بھی خریدا جاسکتا ہے۔

### دھونا:

گرد کے ذرات، کنکر، بھوسا اور دیگر کثافتوں کو ختم کرنے کیلئے بیج کی دھلائی کی جاتی ہے۔ کثافتیں جیسے بھوسا کچھ تیل جذب کرسکتی ہیں جبکہ گرد اور کنکر مشین کے پریس سکریو اور پسٹن کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ اس مقصد کیلئے پانی کے ٹب استعمال کئے جاتے ہیں تاہم مارکیٹ میں اس مقصد کیلئے مکینیکل لائینز بھی موجود ہیں۔

### خشک کرنا اور وارمنگ:

پروسینگ کے تیسرے مرحلے میں بیج کو خشک اور وارم کیا جاتا ہے۔ نمدار بیج کم پیداوار کا باعث بنتے ہیں اور سکریو، کیج اور پریس کے دیگر حصوں کو روک سکتے ہیں۔ اس سے بچنے کیلئے نمدار بیجوں کو 10% کی سطح تک رکھا جاتا ہے۔ نباتاتی تیل نکالنے کیلئے مناسب گرمائش 100 سے 160 ڈگری سینٹی گریڈ تک ہوتی ہے مکینیکل طریقے سے خشک کرنے کیلئے بین الاقوامی منڈی میں ہیٹر اوون یا ڈبل بوائلر زوغیرہ استعمال کئے جاتے ہیں۔ تاہم پاکستان میں بیجوں کو دھوپ میں خشک کیا جاتا ہے، یہی طریقہ مجوزہ منصوبے کیلئے تجویز کیا جاتا ہے۔

### ایکسپیلنگ:

تیل کو مشینی طور پر نکالنے کیلئے ایکسپیلر (Expeller) استعمال کیے جاتے ہیں۔ تاہم ایک ریم (Ram) یا موٹر (Mortar) پریس یا اور پیسٹل (Pastel) بھی اس کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ رسمی طور پر ہاتھ سے بنے ہوئے چھوٹے پریس/ ایکسپیلر استعمال کئے جاتے ہیں تاہم اس پلانٹ کیلئے بجلی سے چلنے والے پریس تجویز کیے جاتے ہیں۔

### فلٹرنگ اور شیکر:

کشید شدہ نباتاتی تیل کو فلٹر اور شیک (Shake) کیا جاتا ہے تاکہ اس کے معیار اور ظاہری شکل کو بہتر کیا جا سکے۔ اس مقصد کیلئے پاکستان میں عام طور پر کاسٹک سوڈا اور بلیچ استعمال کیا جاتا ہے۔ دیگر رہ جانے والی چیزوں میں کھاد اور فاصل مادے ہیں جو کہ صابن اور رنگ میں استعمال ہوتے ہیں کو علیحدہ کر کے ملکی سطح پر فروخت کیا جاتا ہے۔

### پیکنگ اور ترسیل:

تیار مال کو حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق صاف کیے گئے ڈبوں میں آئل ریفائنریز/ ملوں کو بھیجا جاتا ہے۔

## 12۔ منصوبے کی کُل لاگت کار کا خلاصہ

چھوٹے کاروبار کیلئے وزیر اعظم کی قرضہ سکیم کے تحت نباتاتی تیل بنانے کے یونٹ کی تجارتی لحاظ سے قابل عمل ہونے کا جائزہ لینے کیلئے ایک مفصل مالیاتی ماڈل تیار کیا گیا ہے۔ لاگت اور آمدن سے متعلق امکانات اور جائزے کے نتائج اس سیکشن میں مختصراً دیئے جارہے ہیں۔ اندازے کے بنیاد پر انکم سٹیمنٹ، کیش فلو سٹیمنٹ، بیلنس شیٹ کو ضمیمے میں شامل کیا گیا ہے۔

### 12.1۔ معاشی کیفیت

منصوبہ کی کامیابی کیلئے یہ فرض کیا گیا ہے کہ منصوبہ 50% استعداد کار کے ساتھ شروع کیا جائے گا جس میں ہر سال پانچ (05) فیصد کا اضافہ ہوگا یہاں تک کہ پیداواری صلاحیت 80 فیصد کی انتہائی سطح تک پہنچ جائے۔ اس لئے 320 دنوں میں روزانہ 8 گھنٹے شفٹ کے ساتھ کام کر کے پہلے سال میں 9600 کلوگرام کی استعداد کار فرض کی گئی ہے۔ اس کے مطابق مندرجہ ذیل اندرونی شرح منافع (IRR)، کُل لاگت کی مدت واپسی (Payback period) اور موجودہ قدر حاصل ہوگی۔

جدول 1: معاشی کیفیت

| مندرجات | تفصیل |
|---|---|

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

| | |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع (IRR) | 37% |
| کُل لاگت کی مدت واپسی (سال) | 3.72 |
| موجودہ قدر حاصل | 4,559,399 |

منصوبے کے منافع بخش حیثیت پر اثر انداز ہونے والے عوامل ،طلب، خام مال کا استعمال اور ملازمین کا خیال رکھنا ہے۔ اگر منصوبہ صحیح کام نہ کر پائے تو خرچ اور لگائی گئی رقم کی وصولی ممکن نہیں ہوگی۔

### 12.2۔درکار سرمایہ:

مندرجہ ذیل جدول درکار ذاتی سرمائے اور بینک کے قرضہ سے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے۔

**جدول 2: درکار سرمایہ**

| مندرجات | تفصیل |
|---|---|
| کل ذاتی سرمایہ (10 فیصد) | Rs.190,180 |
| بینک کا قرضہ (90 فیصد) | Rs.1,711,621 |
| قرضے کی واپسی کی مدت | 8سال |
| سالانہ شرح سود | 8فیصد |
| رعائتی مدت (سال) | 1سال |

### 12.3۔کُل لاگت کاروبار:

تجویز کردہ منصوبے کو چلانے کیلئے مندرجہ ذیل بنیادی اخراجات ہوں گئے۔

**جدول 3: کل مستقل لاگت**

| مستقل سرمایہ | رقم (Rs) |
|---|---|
| عمارت اور انفراسٹرکچر | 162,500 |
| فرنیچر | 120,000 |
| مشینری اور آلات | 501,400 |
| آفس کا سامان | 18,000 |
| قبل ازعمل لاگت | 86,351 |
| **کُل مستقل لاگت** | **888,251** |
| ابتدائی گردشی سرمایہ | 1,013,550 |
| **کاروبار کی کل لاگت** | **1,901,801** |

### 12.4۔درکار زمین:

منصوبے کی لاگت کو کم کرنے کیلئے یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ اسے کرایہ کی عمارت میں لگایا جائے، اگر اس مقصد کیلئے تعمیر شدہ عمارت خریدی جائے تو منصوبے کی لاگت میں اضافہ ہو جائے گا۔ اس لیے عمارت کا کرایہ ماہانہ 18750 روپے فرض کیا گیا ہے۔

**جدول 4: درکار زمین**

| مندرجات | درکار مربع فٹ |
|---|---|

| | |
|---|---|
| آفس کی عمارت | 250مربعہ فٹ |
| فیکٹری | 1,000مربعہ فٹ |
| کل عمارت کا رقبہ | 1,250مربعہ فٹ |

**12.5۔مشینری اور آلات:**

اس منصوبے کیلئے ابتدائی اور لاوازمات میں بیجوں میں سے تیل نکالنے والی لائین درکار ہے اس کے علاوہ روزمرہ کے کام سرانجام دینے کیلئے دفتری ساز وسامان تجوز کیا جاتا ہے۔ آلات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**جدول 5:مشینری اور آلات**

| آلات کی تفصیل | تعداد | قیمت فی نغ | کل قیمت |
|---|---|---|---|
| ایکسپیلر (لوکل) | 1 | 350,000 | 350,000 |
| موٹر 5.HP | 1 | 100,000 | 100,000 |
| سٹور کے لیے ڈرم 200 Kg | 13 | 2,000 | 26,400 |
| الیکٹرک وائرنگ | | 25,000 | 25,000 |
| موبائل فون | 1 | 5,000 | 5,000 |
| فیکس | 1 | 13,000 | 13,000 |
| ٹوٹل | | | **519,400** |

**12.6۔فرنیچر ولوازمات:**

منصوبے کیلئے فرنیچر وفکسچر میں ایک لاکھ بیس ہزار کی لاگت سے آفس فرنیچر اور ایک عدد ایر کنڈیشنر شامل ہیں۔

**12.7۔درکار افرادی قوت:**

منصوبے کو چلانے کیلئے مندرجہ ذیل افرادی قوت درکار ہیں۔

**جدول 6:افرادی قوت**

| مندرجات | تعداد | ٹوٹل ماہانہ اجرت |
|---|---|---|
| مالک | 1 | 20,000 |
| ورکر(10,000)فی کس | 4 | 40,000 |

**12.8۔متوقع پیداوار اور آمدن کا جدول:**

یہ مفروضہ قائم کیا گیا ہے کہ کل پیداوار میں 33% خام تیل، 65% کھل، اور 2% اضافی مواد ہوگا۔خام تیل کی قیمت 160 روپے اور کھل کی 25 روپے ہوگی۔

**جدول 7:آمدن کی تفصیل**

| مصنوعات | یونٹ | قیمت فروخت فی نغ | پہلے سال میں پیداوار | پہلے سال میں آمدن |
|---|---|---|---|---|
| خام تیل | کلوگرام/لیٹر | 160 | 31,680 | 5,068,800 |
| کھل | کلوگرام | 25 | 62,400 | 1,560,000 |
| کل آمدن | | | | **6,628,800** |

**12.9:۔متفرق لاگتیں:**

منصوبے کے ابتدائی لاگت میں پروسیسنگ کیلئے بیج کا خریدنا شامل ہے۔سرسوں کا تیل نکالنے کیلئے بیج کی لاگت مارکیٹ قیمت کے مطابق 35 روپے فی کلوگرام فرض کی گئی ہے اس طرح دیگر اخراجات میں یوٹیلیٹی جسے بجلی ،گیس ، پانی اور مشینری کی دیکھ بھال کی لاگت شامل ہے ۔ یہ بھی تجویز کیا جاتا ہے منصوبے کے دوران دو ماہ کے استعمال کے قابل خام کا سٹاک رکھا جائے گا۔

## 13۔ضمیمہ جات

### 13.1۔سودمند انتظامی تجاویز:

**ٹیکنالوجی**

☆ **ضروریاتی فالتو پرزے اور قابل صرف اشیاء:** سپلائر کریڈیٹ ،معاہدوں کے شیڈول کے مطابق دستیابی، آپریشن کے آغاز سے قبل یقینی ہونی چاہیے۔

☆ **توانائی کی ضرورت:** پیشگی اہتمام کیا جائے کہ اہم کاروائیوں کے لیے توانائی کے اضافی اور متبادل ذریعے کی فراہمی ہو اور ضرورت سے زیادہ توانائی کا استعمال نہ کیا جائے۔

☆ **مشین سپلائیر:** بعد از فروخت مشین سپلائر کے ساتھ معاہدے ہونے چاہیے۔اور مشین کے استعمال میں تربیت دلوانی چاہیے۔

☆ **معیار کی ضمانت:** معیار کا طریقہ کار واضع کرنا اور باقاعدگی سے اس کی نگرانی کرنا ضروری ہے اس سے ساکھ میں بہتری آئے گی۔

**منڈی کی رسائی اور فراہمی (مارکیٹنگ)**

☆ **اشتہارات اور P.O.S پروموشن:** بینر اور لانچ کے ذریعے کاروبار کی پروموشن کی جاسکتی ہے۔مصنوعات کے بروشر کی تقسیم کسی اچھی کمپنی کے ذریعے بھی کی جاسکتی ہے۔

☆ **قیمت میں زیادہ تعداد میں رعایت اور تعارفی رعایت:** قیمت کی وجہ سے معیار پر سمجھوتا نہیں کرنا چاہیے کاروبار کے شروع میں قیمت کم رکھنا تشہیر کا باعث بن سکتا ہے۔

**افرادی قوت:**

☆ **مناسب صلاحیت:** ہنر منداور تجربہ کار عملے کو رکھنا چاہیے اوران کو کاروبار کے منافع میں پیش کش بھی کی جاسکتی ہے تاکہ وہ اور محنت سے کام کریں۔

☆ **کارکردگی کی بنیاد پر معاوضے:** انسانی وسائل پر توجہ مرکوز کی جائے اور کارکردگی کی بنیاد پر معاوضہ تعین کرنا چاہیے۔

☆ **تربیت، مہارت اور ترقی:** ماہرین اور بہترین طریقوں کی نمائش کے ذریعہ تربیت کی جانی چاہیے اور ملازمین کی حوصلہ افزائی کی جائے یہ ملازمین کی کامیابی کیلئے سب سے اچھا راستہ ہے۔تربیت اور مہارت حاصل کرنے والوں کو ایواڈز اور مالیاتی فائدہ دینا چاہیے۔

### 13.2۔ماہرین ومشیران

الرامے انڈسٹریز ملتان روڈ، بورے والا فون: 92-300-6997798

ای میل: info@alramayindustires.com

ویب سائٹ: www.alramayindustires.com

## 13: کارآمد روابط:

پرائم منسٹر آفس

www.pmo.gov.pk

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائیزیز ڈویلپمنٹ اتھارٹی

www.smeda.org.pk

نیشنل بینک آف پاکستان

www.nbp.com.pk

فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ

www.fwbl.com.pk

گورنمنٹ آف پاکستان

www.pakistan.gov.pk

منسٹری آف انڈسٹریز اینڈ پروڈکشن

www.moip.gov.pk

منسٹری آف ایجوکیشن، ٹریننگ اینڈ سٹینڈرز ان ہائیر ایجوکیشن

http://moptt.gov.pk

گورنمنٹ آف پنجاب

www.punjab.gov.pk

گورنمنٹ آف سندھ

www.sindh.gov.pk

گورنمنٹ آف خیبر پختونخواہ

www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk

گورنمنٹ آف بلوچستان

www.balochistan.gov.pk

گورنمنٹ آف گلگت بلتستان

www.gilgitbaltistan.gov.pk

گورنمنٹ آف آزاد جموں وکشمیر

www.ajk.gov.pk

ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان

www.tdap.gov.pk

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان

www.secp.gov.pk

فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

www.fpcci.com.pk

## 13.4:کلیدی مفروضے

| | |
|---|---|
| قیمت فروخت کی شرح نمو | سالانہ10% |
| زیر استعمال استعداد کی شرح نمو | سالانہ5% |
| خام مال کی قیمت میں اضافہ | سالانہ10% |
| مصرفات میں اضافہ | سالانہ10% |
| قرض/ ذاتی سرمایہ کا تناسب | 90:10 |
| ڈیپریسی ایشن | |
| پلانٹ بلڈنگ | سالانہ10% |
| مشینری | سالانہ10% |
| دفتری فرنیچر اور آلات | سالانہ10% |
| قرضے کی مدت | 8سال |
| رعایتی مدت | 1سال |
| قرضے کی قسط | ہر ماہ |
| سرمایہ کاری اخراجات (قرض کی شرح) | سالانہ8% |

| تفصیل | مفروضے |
|---|---|

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

## 13.5: آمدن کا گوشوارہ

## Statement Summaries — SMEDA

### Income Statement

Rs. in actuals

| | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Revenue | 6,628,800 | 8,020,848 | 9,625,018 | 11,469,813 | 13,587,317 | 16,013,623 | 18,789,318 | 20,668,249 | 22,735,074 | 25,008,582 |
| Cost of goods sold | 5,531,664 | 6,663,309 | 7,973,671 | 9,489,083 | 11,239,823 | 13,260,745 | 15,592,027 | 17,258,863 | 19,115,235 | 21,184,919 |
| Gross Profit | 1,097,136 | 1,357,539 | 1,651,347 | 1,980,730 | 2,347,493 | 2,752,878 | 3,197,291 | 3,409,387 | 3,619,840 | 3,823,662 |
| *General administration & selling expenses* | | | | | | | | | | |
| Administration expense | 240,000 | 263,367 | 289,008 | 317,147 | 348,025 | 381,909 | 419,092 | 459,895 | 504,671 | 553,807 |
| Rental expense | 18,750 | 20,625 | 22,688 | 24,956 | 27,452 | 30,197 | 33,217 | 36,538 | 40,192 | 44,212 |
| Utilities expense | 120,000 | 132,000 | 145,200 | 159,720 | 175,692 | 193,261 | 212,587 | 233,846 | 257,231 | 282,954 |
| Travelling & Comm. expense (phone, fax, etc.) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Office vehicles running expense | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Office expenses (stationary, etc.) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Promotional expense | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Insurance expense | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Professional fees (legal, audit, etc.) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Depreciation expense | 72,065 | 72,065 | 72,065 | 72,065 | 72,065 | 72,065 | 72,065 | 72,065 | 72,065 | 72,065 |
| Amortization expense | 17,270 | 17,270 | 17,270 | 17,270 | 17,270 | - | - | - | - | - |
| Property tax expense | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Miscellaneous expense | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Subtotal | 468,085 | 505,327 | 546,231 | 591,158 | 640,504 | 677,432 | 736,961 | 802,345 | 874,159 | 953,037 |
| Operating Income | 629,051 | 852,212 | 1,105,116 | 1,389,571 | 1,706,990 | 2,075,446 | 2,460,330 | 2,607,042 | 2,745,680 | 2,870,625 |
| Other income | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Gain / (loss) on sale of assets | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Earnings Before Interest & Taxes | 629,051 | 852,212 | 1,105,116 | 1,389,571 | 1,706,990 | 2,075,446 | 2,460,330 | 2,607,042 | 2,745,680 | 2,870,625 |
| Interest expense | 142,064 | 130,061 | 114,285 | 97,200 | 78,696 | 58,657 | 36,955 | 13,451 | - | - |
| Earnings Before Tax | 486,987 | 722,151 | 990,831 | 1,292,372 | 1,628,293 | 2,016,789 | 2,423,375 | 2,593,590 | 2,745,680 | 2,870,625 |
| Tax | 47,257 | 144,430 | 198,166 | 258,474 | 325,659 | 413,386 | 494,703 | 528,746 | 559,164 | 584,153 |
| **NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX** | 439,730 | 577,721 | 792,665 | 1,033,898 | 1,302,635 | 1,603,403 | 1,928,672 | 2,064,844 | 2,186,516 | 2,286,472 |
| Balance brought forward | | 439,730 | 1,017,451 | 1,810,115 | 2,844,013 | 4,146,647 | 5,750,050 | 7,678,723 | 9,743,567 | 11,930,083 |
| Total profit available for appropriation | 439,730 | 1,017,451 | 1,810,115 | 2,844,013 | 4,146,647 | 5,750,050 | 7,678,723 | 9,743,567 | 11,930,083 | 14,216,555 |
| Dividend | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Balance carried forward | 439,730 | 1,017,451 | 1,810,115 | 2,844,013 | 4,146,647 | 5,750,050 | 7,678,723 | 9,743,567 | 11,930,083 | 14,216,555 |

## 13.6: اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ)

**Statement Summaries** — **SMEDA**

**Balance Sheet**

Rs. in actuals

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| *Current assets* | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank | 250,000 | 530,661 | 688,358 | 955,499 | 1,333,437 | 1,818,659 | 2,387,360 | 3,316,197 | 4,192,437 | 5,297,094 | 14,325,485 |
| Accounts receivable | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Finished goods inventory | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Equipment spare part inventory | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Raw material inventory | 744,800 | 991,329 | 1,308,554 | 1,715,296 | 2,235,163 | 2,897,729 | 3,740,002 | 4,525,403 | 5,475,737 | 6,625,642 | - |
| Pre-paid annual land lease | 18,750 | 20,625 | 22,688 | 24,956 | 27,452 | 30,197 | 33,217 | 36,538 | 40,192 | 44,212 | - |
| Pre-paid building rent | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Pre-paid lease interest | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Pre-paid insurance | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Current Assets | 1,013,550 | 1,542,615 | 2,019,599 | 2,695,752 | 3,596,052 | 4,746,586 | 6,160,579 | 7,878,138 | 9,708,367 | 11,966,948 | 14,325,485 |
| *Fixed assets* | | | | | | | | | | | |
| Land | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Building/Infrastructure | 162,500 | 154,375 | 146,250 | 138,125 | 130,000 | 121,875 | 113,750 | 105,625 | 97,500 | 89,375 | 81,250 |
| Machinery & equipment | 501,400 | 451,260 | 401,120 | 350,980 | 300,840 | 250,700 | 200,560 | 150,420 | 100,280 | 50,140 | - |
| Furniture & fixtures | 120,000 | 108,000 | 96,000 | 84,000 | 72,000 | 60,000 | 48,000 | 36,000 | 24,000 | 12,000 | - |
| Office vehicles | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Office equipment | 18,000 | 16,200 | 14,400 | 12,600 | 10,800 | 9,000 | 7,200 | 5,400 | 3,600 | 1,800 | - |
| Total Fixed Assets | 801,900 | 729,835 | 657,770 | 585,705 | 513,640 | 441,575 | 369,510 | 297,445 | 225,380 | 153,315 | 81,250 |
| *Intangible assets* | | | | | | | | | | | |
| Pre-operation costs | 86,351 | 69,081 | 51,810 | 34,540 | 17,270 | - | - | - | - | - | - |
| Legal, licensing, & training costs | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Intangible Assets | 86,351 | 69,081 | 51,810 | 34,540 | 17,270 | - | - | - | - | - | - |
| **TOTAL ASSETS** | 1,901,801 | 2,341,530 | 2,729,180 | 3,315,997 | 4,126,962 | 5,188,161 | 6,530,089 | 8,175,583 | 9,933,747 | 12,120,263 | 14,406,735 |
| **Liabilities & Shareholders' Equity** | | | | | | | | | | | |
| *Current liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Accounts payable | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Export re-finance facility | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Short term debt | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Other liabilities | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Current Liabilities | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| *Other liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Lease payable | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Deferred tax | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Long term debt | 1,711,621 | 1,711,621 | 1,521,549 | 1,315,702 | 1,092,769 | 851,333 | 589,858 | 306,681 | - | - | - |
| Total Long Term Liabilities | 1,711,621 | 1,711,621 | 1,521,549 | 1,315,702 | 1,092,769 | 851,333 | 589,858 | 306,681 | - | - | - |
| *Shareholders' equity* | | | | | | | | | | | |
| Paid-up capital | 190,180 | 190,180 | 190,180 | 190,180 | 190,180 | 190,180 | 190,180 | 190,180 | 190,180 | 190,180 | 190,180 |
| Retained earnings | - | 439,730 | 1,017,451 | 1,810,115 | 2,844,013 | 4,146,647 | 5,750,050 | 7,678,723 | 9,743,567 | 11,930,083 | 14,216,555 |
| Total Equity | 190,180 | 629,910 | 1,207,631 | 2,000,295 | 3,034,193 | 4,336,828 | 5,940,231 | 7,868,903 | 9,933,747 | 12,120,263 | 14,406,735 |
| **TOTAL CAPITAL AND LIABILITI** | 1,901,801 | 2,341,530 | 2,729,180 | 3,315,997 | 4,126,962 | 5,188,161 | 6,530,089 | 8,175,583 | 9,933,747 | 12,120,263 | 14,406,735 |

*Note: Total assets value will differ from project cost due to first installment of leases paid at the start of year 0*

## 13.7: گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو)

**Statement Summaries** — **SMEDA**

**Cash Flow Statement**

Rs. in actuals

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| *Operating activities* | | | | | | | | | | | |
| Net profit | - | 439,730 | 577,721 | 792,665 | 1,033,898 | 1,302,635 | 1,603,403 | 1,928,672 | 2,064,844 | 2,186,516 | 2,286,472 |
| Add: depreciation expense | - | 72,065 | 72,065 | 72,065 | 72,065 | 72,065 | 72,065 | 72,065 | 72,065 | 72,065 | 72,065 |
| amortization expense | - | 17,270 | 17,270 | 17,270 | 17,270 | 17,270 | - | - | - | - | - |
| Deferred income tax | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Accounts receivable | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Finished good inventory | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Equipment inventory | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Raw material inventory | (744,800) | (246,529) | (317,225) | (406,742) | (519,867) | (662,566) | (842,273) | (785,400) | (950,335) | (1,149,905) | 6,625,642 |
| Pre-paid building rent | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Pre-paid lease interest | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Advance insurance premium | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Accounts payable | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Other liabilities | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash provided by operations | (744,800) | 282,536 | 349,831 | 475,258 | 603,366 | 729,404 | 833,195 | 1,215,337 | 1,186,575 | 1,108,676 | 8,984,179 |
| *Financing activities* | | | | | | | | | | | |
| Change in long term debt | 1,711,621 | - | (190,072) | (205,847) | (222,933) | (241,436) | (261,475) | (283,177) | (306,681) | - | - |
| Change in short term debt | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Change in export re-finance facility | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Add: land lease expense | - | 18,750 | 20,625 | 22,688 | 24,956 | 27,452 | 30,197 | 33,217 | 36,538 | 40,192 | 44,212 |
| Land lease payment | (18,750) | (20,625) | (22,688) | (24,956) | (27,452) | (30,197) | (33,217) | (36,538) | (40,192) | (44,212) | - |
| Change in lease financing | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Issuance of shares | 190,180 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Purchase of (treasury) shares | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash provided by / (used for) financ | 1,883,051 | (1,875) | (192,134) | (208,116) | (225,428) | (244,181) | (264,495) | (286,499) | (310,335) | (4,019) | 44,212 |
| *Investing activities* | | | | | | | | | | | |
| Capital expenditure | (888,251) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Acquisitions | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash (used for) / provided by invest | (888,251) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| NET CASH | 250,000 | 280,661 | 157,697 | 267,142 | 377,938 | 485,223 | 568,700 | 928,838 | 876,240 | 1,104,657 | 9,028,391 |
| Cash balance brought forward | | 250,000 | 530,661 | 688,358 | 955,499 | 1,333,437 | 1,818,659 | 2,387,360 | 3,316,197 | 4,192,437 | 5,297,094 |
| Cash available for appropriation | 250,000 | 530,661 | 688,358 | 955,499 | 1,333,437 | 1,818,659 | 2,387,360 | 3,316,197 | 4,192,437 | 5,297,094 | 14,325,485 |
| Dividend | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash carried forward | 250,000 | 530,661 | 688,358 | 955,499 | 1,333,437 | 1,818,659 | 2,387,360 | 3,316,197 | 4,192,437 | 5,297,094 | 14,325,485 |

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں